# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: پاکستانی زبانوں کا ادب II (5618) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: ایم اے اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- ''پٹہ خزانہ'' کس کی تصنیف ہے؟ پشتو ادبیات میں اس کی اہمیت پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال 2- پشتو زبان کس لسانی کنبے سے تعلق رکھتی ہے؟ مختلف نظریات کا تقابل کریں۔ (20)

سوال 3- عبدالرحمان بابا کا کلام معرفت اور حکمت کا گنجینہ ہے، بحث کریں۔ (20)

سوال 4- جدید پشتو افسانے پر ترقی پسند تحریک نے کیا اثر مرتب کیا؟ واضح کریں۔ (20)

سوال 5- امیر حمزہ شنواری کی پشتو ادبی خدمات پر جامع مضمون تحریر کریں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- پنجابی زبان کے آغاز کے بارے میں مختلف نظریات ہیں، آپ کس نظریے کو درست سمجھتے ہیں؟ بحث کریں۔ (20)

سوال 2- بابا فرید کے کلام میں عجز کو اہم تر انسانی وصف کے طور پر پیش کیا گیا ہے، مثالیں دے کر واضح کریں۔ (20)

سوال 3- ہیر وارث شاہ کو پنجاب کا انسائیکلوپیڈیا کہا جاتا ہے، کیوں؟ واضح کریں۔ (20)

سوال 4- شریف کنجاہی کی شعری اور تنقیدی خدمات پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال 5- للہ عارفہ کا کشمیری کلام سوز و ساز اور عشق و محبت کا گنجینہ ہے، بحث کریں۔ (20)